# بارش : ـــــ دو مناظر، دو سبق

**بارانِ رحمت سے**

اللہ تعالیٰ مردہ زمین کو زندگی بخشتا ہے۔

اسی طرح، جب زمین پر اللہ کی ہدایت رائج کر دی جائے تو
مری ہوئی انسانیت یکایک جی اُٹھتی ہے
اخلاق فاضلہ کے چشمے پھوٹنے لگتے ہیں
خیرات وحسنات کے گلزار لہلہانے لگتے ہیں
اسلام کے محاسن بہار دکھانے لگتے ہیں۔

(الحدید- تفہیم القرآن، ج ۵، ص ۳۱۴- ۳۱۵)

---

**بارش کا ایک چھینٹا پڑتے ھی**

خشک اور بے جان علاقے سے زندگی کے چشمے پھوٹ نکلتے ہیں
مری ہوئی جڑیں جی اُٹھتی ہیں
حشرات الارض اُچھل کود شروع کر دیتے ہیں۔

**جب صور اسرافیل دوبارہ پھونکا جائے گا تو**

اسی طرح، ہاں، اسی طرح
**کذلک الخروج**
مرے ہوئے انسانوں کا زمین سے نکلنا اسی طرح ہوگا!

(ق - تفہیم القرآن، ج ۵، ص ۵۰)

(خیرخواہ)